تبصرے

رسائل کے خاص نمبر

اُردوئے معلّیٰ غالب نمبر - مرتبہ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۴۲ صفحات۔ کتابت وطباعت اور کاغذ اعلیٰ۔ قیمت ؎۔ پتہ:- شعبۂ اُردو دلّی یونیورسٹی - دلّی - ۶

دلّی یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کے سہ ماہی تحقیقی مجلّہ اُردوئے معلّیٰ کا پہلا شمارہ غالب نمبر تھا۔ جس پر برہان میں تبصرہ ہوچکا ہے، یہ اسی مجلّہ کا شمارہ نمبر ۲ و ۳ ہے یہ بھی غالب نمبر ہے اور اس بنا پر پہلے شمارہ کا حصۂ دوم ۲۹ر فروری سنہ۱۹۶۰ء کو دلّی یونیورسٹی میں اس کے شعبۂ اُردو کے زیر اہتمام وانتظام بڑے تزک واحتشام سے یوم غالب منایا گیا تھا جس کا افتتاح ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے کیا اور صدارت یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر راؤنے کی۔ اس نمبر کے شروع میں اس تقریب کی دلچسپ روداد۔ افتتاحی تقریر اور ڈاکٹر تاراچند کی اس موقع پر تقریر اور آئندہ مرزا کی صد سالہ برسی کے موقع پر شعبۂ مذکور کی طرف سے بہت بڑے پیمانہ پر یوم غالب منانے کا پروگرام' یہ سب چیزیں درج ہیں۔ اس کے بعد چند مقالات ہیں۔ پہلا مقالہ غلام رسول صاحب مہر کا ہے جس میں انھوں نے ثابت کیا ہے کہ محرق قاطع برہان کے جواب میں چوالیس صفحہ کا جو رسالہ لطائف غیبی کے نام سے شائع ہوا تھا وہ دراصل سیاح کا نہیں تھا بلکہ خود مرزا کے قلم کا نوشتہ تھا۔ دوسرے مقالہ میں ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے مرزا کے چند نئے اردو خطوط پیش کئے ہیں جو مولوی مہیش پرشاد کے نظر ثانی کئے ہوئے غیر مطبوعہ خطوط غالب سے ماخوذ ہیں۔ تیسرے مقالہ میں قاضی عبدالودود کے قلم سے ان چیزوں کا تذکرہ ہے جو مرزا سے نسبتِ تعلق رکھتی ہیں اور کتب خانہ خدا بخش میں محفوظ ہیں۔ اس کے بعد علی الترتیب ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی۔ ڈاکٹر مختارالدین احمد اور پروفیسر خواجہ احمد فاروقی نے مرزا کے ایک شعر ایک غیر مطبوعہ اردو تحریر اور حضرت غمگین کے نام چند غیر مطبوعہ فارسی رقعات پر روشنی ڈالی اور انہیں نقل کیا ہے۔ اس نمبر کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ مرزا کا مشہور روزنامچۂ غدر جو انھوں نے دستنبو کے نام سے لکھا تھا اس کو بھی بعینہٖ مع اُردو ترجمہ وتوضیحی حواشی کے شائع کردیا گیا ہے۔ آخر میں ایک طویل غالب نامہ ہے۔ ان مستقل مضامین کے علاوہ مرزا کے رنگ میں چند غزلیں بھی ہیں اور مختصر مختلف قسم کی معلومات شذرات کی صورت میں بھی' غرض حصۂ اوّل کی طرح یہ حصۂ دوم بھی غالبیات کے تحقیقی ذخیرہ میں قابلِ قدر اضافہ ہوا ہے اور ادارہ اس کاوش پر لائق مبارکباد ہے۔

تحریک غالب نمبر - مرتبہ گوپال متل۔ تمکین کاظمی۔ مخمور سعیدی صاحبان۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۰۰ صفحات - کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت عہ۔ پتہ:- ۹ - انصاری مارکیٹ۔ دریا گنج۔ دہلی ۶

تحریک اُردو کا ادبی ماہنامہ ہے اُس نے اپریل اور مئی سنہ۱۹۶۱ء کی دو اشاعتوں کو یکجا کرکے غالب نمبر کے نام سے شائع کیا ہے۔ اس میں مولانا امتیاز علی خاں عرشی کا مقالہ "غالب اور برہان" قاضی عبدالودود کا مقالہ "غالب اور بلند پایہ محققانہ مضامین ہیں۔ ان کے علاوہ چند اور مقالات "غالب کی شخصیت"۔ غالب کا نظریۂ حیات" ڈاکٹر سید حمیدالدین غالب — ایک مطالعہ سید عالم خوندمیری۔ حقیقت عالم مرزا غالب کی نظر میں۔ اگرچہ مختصر ہیں مگر دلچسپ ہیں اور ان سے مرزا کی شخصیت یا اُن کے فن پر کچھ روشنی ضرور پڑتی ہے۔ مگر یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ دستنبو کا اُردو ترجمہ مخمور سعیدی صاحب کے